رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ٹیلیفون: ۴۴۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۷۱ / ۳۶ | منگل ۱۴ رمضان المبارک ۱۴۰۲ھ ۶ وفا ۱۳۶۱ ہش ۶ جولائی ۱۹۸۲ء | نمبر ۱۵۰

اخبارِ احمدیہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ: ۵ وفا/ جولائی۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتر ہے۔ الحمد للہ۔

احباب کرام التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس بابرکت وجود کو صحت کامل عطا کرے اور برکتوں اور فضلوں سے معمور طویل زندگی سے نوازے اور آپ کا بابرکت سایہ ہمارے سروں پر تادیر سلامت رکھے۔ آمین۔

سیدنا حضرت مرزا ناصر احمد رحمہ اللہ کی وفات پر جماعتہائے احمدیہ اور ذیلی تنظیموں کی طرف سے اظہارِ غم

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی بھرپور اطاعت و فرمانبرداری کا عہد

پاکستان کے اطراف و جوانب سے آمدہ قراردادہائے تعزیت و تجدید عہد

سیدنا حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ علیہ کی وفات کا سانحہ ارتحال اس قدر غم انگیز اور دلدوز تھا کہ ہر احمدی نے اپنے دل کی گہرائیوں تک اس غم کی تپش محسوس کی۔ حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے جس شفقت محبت اور پیار کے ساتھ جماعت احمدیہ کی قریباً سترہ سال قیادت فرمائی تھی اس کا طبعی نتیجہ تھا کہ ایسے پیارے امام کی جدائی کو شدت سے محسوس کیا جاتا چنانچہ دنیا بھر میں بسنے والے احمدی احباب و خواتین نے اپنی اپنی جماعتوں اور ذیلی اداروں کے توسط سے اس دردانگیز واقعہ پر اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے قرارداد ہائے تعزیت بھجوائیں۔ یقیناً ان میں سے ہر قرارداد کا لفظ لفظ گویا آنسوؤں میں بھیگا ہوا تھا اور درد اور غم کی گہری کسک نمایاں تھی۔ اس کے ساتھ ہی جدا ہونے والے ہمہ صفت موصوف کے کارہائے نمایاں کا بیان بھی ہر قرارداد کا حصہ تھا۔ ان قراردادوں کا دوسرا پہلو اللہ تعالیٰ کے محض فضل و کرم سے جماعت احمدیہ کو عطا ہونے والی عظیم نعمت یعنی خلافتِ رابعہ کے قیام کا تذکرہ تھا۔ خدائی فضلوں کے اس عظیم مظاہرے نے دلوں سے خوف دور کر دیا اور ایک عظیم صدمے کو صبر سے برداشت کرنے میں احباب جماعت کی بہت مدد فرمائی۔ اس موقع پر احباب کرام نے اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ اس قیمتی نعمت پر شکر کا اظہار کرتے ہوئے بصمیم قلب یہ عہد باندھا کہ وہ سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مکمل اور کامل اور غیر مشروط اطاعت کریں گے اور حضور ایدہ اللہ کے ایک اشارے پر تن من دھن نچھاور کرنے کو تیار رہیں گے۔ اور حضور جو بھی حکم دیں گے۔ اس کی بجاآوری کے لیے ہر قربانی کے لیے تیار رہیں گے۔

دنیا بھر اور پاکستان کے اطراف و جوانب سے اس ضمن میں جو قرار دادیں ادارہ الفضل کو موصول ہوئی ہیں ان کی ہی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ ان تمام کی اشاعت ممکن نہیں۔ اس لیے چند چیدہ چیدہ قرار دادوں کی اشاعت کے بعد اب ادارہ الفضل ایسی سب جماعتوں اور ذیلی تنظیموں سے معذرت کے ساتھ صرف ان کے نام ذیل میں شائع کر رہا ہے جن کی طرف سے ایسی قراردادیں موصول ہوئی ہیں

جماعت ہائے احمدیہ پنجاب

جماعت احمدیہ لاہور، شاہدرہ ٹاؤن (لاہور) کھاریاں، سمندری ضلع فیصل آباد، گوجرہ، چونترہ تحصیل و ضلع راولپنڈی۔ سعد اللہ پور ضلع گجرات شرق پور خورد، کوٹ عبد المالک ضلع شیخوپورہ، گجرات شہر، ضلع ملتان، ساہیوال شہر، بدوملہی سیالکوٹ شہر، مجلس عاملہ قصور، حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ، ظفروال مراڑہ ضلع سیالکوٹ، واہ کینٹ گوجرخان، گوجرانوالہ چھاؤنی، جہلم، جیکسلا ضلع راولپنڈی چک نمبر ۴۴ ہ گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد، شاہ تاج شوگر ملز منڈی بہاؤ الدین ضلع گجرات، جوہر آباد، چک ۱۹۴ ر ب لاٹھیانوالہ ضلع فیصل آباد دارالصدر شمالی ربوہ، راولپنڈی، منڈی بہاؤ الدین شہر، امراء ضلع سیالکوٹ، دارالصدر غربی ربوہ، چک ۱۸۴ - ۷ آر ضلع بہاولنگر، دارالرحمت غربی ربوہ، دارالعلوم غربی ربوہ، سانگلہ ہل ضلع شیخوپورہ، چک ۳۰ ۷ - ۱۱ براستہ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال، ضلع ساہیوال، کوٹ فتح خاں ضلع اٹک، لوکل انجمن احمدیہ ربوہ، دارالعلوم جنوبی ربوہ، دارالیمن ربوہ۔

جماعت ہائے احمدیہ سندھ، بلوچستان

جماعت احمدیہ بشیر آباد براستہ ٹنڈو الہ یار ضلع حیدر آباد، ڈرگ روڈ کراچی، مجلس عاملہ امارت ضلع نواب شاہ، نوکوٹ تھرپارکر سندھ، سانگھڑ ناصر آباد اسٹیٹ ضلع تھرپارکر، انور آباد تحصیل وارہ ضلع لاڑکانہ، ٹنڈو غلام علی ضلع بدین سندھ، حیدر آباد، گولارچی ضلع بدین۔

جماعت ہائے احمدیہ صوبہ سرحد

جماعت احمدیہ پشاور، ایبٹ آباد

مجالس خدام الاحمدیہ

مجلس خدام الاحمدیہ بشیر آباد اسٹیٹ براستہ چیمبر ضلع حیدر آباد سندھ، بدوملہی ملتان چھاؤنی، سانگھڑ سندھ، گلشن اقبال کراچی، مجلس اطفال الاحمدیہ واہ کینٹ، مجالس قیادت ضلع ساہیوال، حلقہ شرقی اسلام آباد، گوجرخان بمعہ اطفال، مجلس عاملہ علاقہ بہاولنگر، حلقہ گلشن پارک قیادت منٹگمری لاہور، حافظ آباد، سیالکوٹ شہر، مجلس عاملہ ضلع نواب شاہ ضلع کراچی، خدام اراکین عاملہ قیادت ضلع وقائدین مجالس مقامی ضلع کراچی، مجلس عاملہ قیادت ضلع فیصل آباد، مجلس عاملہ و قائدین مجالس ضلع بہاولنگر سانگلہ ہل ضلع شیخوپورہ بمعہ اطفال، ٹنڈو غلام علی ضلع بدین سندھ، احمد نگر ضلع جھنگ، مجلس عاملہ سرگودھا شہر و ضلع، اراکین و مجلس عاملہ مارٹن روڈ کراچی، عاملہ دارالذکر فیصل آباد، ڈیرہ غازی خان شہر، قادیان، علاقہ بہاولنگر۔

مجالس انصار اللہ

مجلس انصار اللہ سانگھڑ سندھ، ضلع راولپنڈی، گوجرخان مجلس عاملہ ضلع کراچی، سیالکوٹ شہر،

لجنات اماء اللہ

لجنہ اماء اللہ آئی ٹائن اسلام آباد، لجنہ و ناصرات سمبڑیال، ساہیوال، سرگودھا شہر، ایبٹ آباد، حلقہ دستگیر قیادت نمبر ۴ کراچی، قیادت نمبر ۳ کراچی، گوجرخان بمعہ ناصرات، لجنہ لندن۔ شیخوپورہ شہر سیالکوٹ شہر، باب الابواب ربوہ بمعہ ناصرات، حلقہ گلشن اقبال قیادت نمبر ۴ کراچی، حلقہ گلشن احمد قیادت نمبر ۴ کراچی، دارالصدر شرقی نمبر ۲ ربوہ ممبرات و عاملہ لاہور، ممبرات و عاملہ ڈرگ روڈ قیادت نمبر ۶ کراچی، فیکٹری ایریا شاہدرہ (لاہور) حلقہ وسطی چھاؤنی لاہور، دارالیمن شرقی ربوہ، دارالصدر شرقی ربوہ، راولپنڈی، نوشہرہ کینٹ ضلع پشاور، شیخوپور تحصیل و ضلع گجرات، ماڈل ٹاؤن نمبر ۱ لاہور۔ دارالصدر جنوبی ربوہ، قادیان

متفرق

جماعت احمدیہ گوئی تحصیل و ضلع کوٹلی (آزاد کشمیر) سٹاف و اراکین نصرت ہائی سکول بانجل گیمبیا (مغربی افریقہ) مظفر آباد (آزاد کشمیر) طلباء و اساتذہ احمدیہ سیکنڈری سکول آکینگے بوارا اسٹیٹ نائیجیریا لاء سٹوڈنٹس پنجاب یونیورسٹی لاہور۔ جماعت احمدیہ سرینگر (آزاد کشمیر) میرا بھٹرنگا (آزاد کشمیر) یاری پورہ سرینگر (کشمیر بھارت) رشی نگر بھارت جماعت احمدیہ اسلام آباد (جماعت RADEVORMWALD مغربی جرمنی) قادیان (بھارت) احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن گورنمنٹ کالج سرگودھا، ضلع اسلام آباد (کشمیر)

کیا آپ چندہ عام، حصہ آمد، چندہ جلسہ سالانہ ادا فرما چکے ہیں؟

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴، پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبد الحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقامِ اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فُقْدَانُ حَبِيْبٍ وَرَجَاءٌ فِيْ طَبِيْبٍ

۱- خَطْبٌ أَلَمَّ بِنَا فِي الْعُجْمِ وَالْعَرَبِ
يُدْمِيْ لَهُ الْقَلْبُ وَالْعَيْنَانِ تَنْسَكِبُ

۲- بِفَقْدِ سَيِّدِنَا نَفْدِيْهِ فِيْ مُهَجٍ
وَالرُّوْحُ تَرْخُصُ إِذْ كَانَتْ لَهُ تَجِبُ

۳- أَمِيْرُنَا نَاصِرُ الْإِسْلَامِ آلَمَنَا
فِرَاقُهُ جِدَّ إِيْلَامٍ فَدَاهُ أَبِيْ

۴- اَلْحُزْنُ يَمْلَأُ مِنَّا كُلَّ جَارِحَةٍ
وَالْقَلْبُ مِنْ شِدَّةِ الْإِيْلَامِ يَنْتَحِبُ

۵- رَبَّاهُ اُلْطُفْ بِنَا فَالْوَجْدُ يَعْصِرُنَا
وَالنَّفْسُ ضَاقَتْ بِنَا مِنْ شِدَّةِ الْكَرَبِ

۶- مِنْ قَبْلِ بِضْعِ شُهُوْرٍ سَامَنَا كَدَرٌ
وَلَوْعَةٌ بِفِرَاقِ الزَّوْجَةِ النَّجَبِ

۷- كَانَتْ مِثَالَ التُّقٰى وَالْفَضْلُ مُكْتَمِلٌ
فِيْهَا مِنَ اللّٰهِ مُعْطِي الْفَضْلِ مَنْ يَجِبُ

۸- كَانَتْ لَهُ الْعَوْنَ فِيْ كُلِّ الْأُمُوْرِ وَقَدْ
ضَحَّتْ وَمَا بَثَّتِ الشَّكْوٰى مِنَ التَّعَبِ

۹- لِلّٰهِ مَا جَاهَدُوْا لِلّٰهِ مَا كَابَدُوْا
لِنُصْرَةِ الدِّيْنِ كَيْ يَرْقٰى وَيَنْتَصِبُ

۱۰- هٰذَا الْجِهَادُ الَّذِيْ يَرْضَاهُ خَالِقُنَا
لِنَشْرِ دِيْنِ الْهُدٰى فِي النَّاسِ بِالْكُتُبِ

۱۱- لِلّٰهِ دَرُّ إِمَامِيْ نَاصِرًا فَلَقَدْ
أَشَادَ لِلدِّيْنِ بُنْيَانًا عَلَى السُّحُبِ

۱۲- مَسَاجِدًا أَشَادَهَا فِيْ كُلِّ نَاحِيَةٍ
شَرْقًا وَغَرْبًا وَفِي الْأَرْكَانِ تَنْتَصِبُ

۱۳- عَلَى الْمَنَارَاتِ صَوْتُ اللّٰهِ مُرْتَفِعٌ
إِلَى الْعِبَادَاتِ قَلْبُ النَّاسِ يَنْجَلِبُ

۱۴- كُنَّا عَلَى مَوْعِدٍ نَلْقَاهُ فِيْ غَدِنَا
فِي الْأَنْدَلُسِ بِافْتِتَاحِ الْمَسْجِدِ الْمُهَبِ

۱۵- عَزَاؤُنَا بِفِرَاقِ الْحِبِّ أَنَّ لَنَا
رَبًّا رَحِيْمًا عَلَى مَنْ كَانَ فِيْ طَلَبِ

۱۶- أَقَامَ فِيْنَا إِمَامًا رَابِعًا وَلَهُ
مِنَ الْخِصَالِ الَّتِيْ تَعْلُوْ عَلَى الْأَدَبِ

۱۷- خَلِيْفَةً طَاهِرٌ مِنْ كُلِّ شَائِبَةٍ
قَدْ زَانَهُ اللّٰهُ حِلْمًا مَرْهَفَ الْأَدَبِ

۱۸- حَفِيْدُ سَيِّدِنَا نَجْلٌ لِمُصْلِحِنَا
شَفِيْقُ نَاصِرِنَا مِنْ مَعْدَنِ الذَّهَبِ

۱۹- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ إِذْ وَلّٰى جَمَاعَتَهُ
أَتْقَاهُمُ مِنْ كِرَامِ الْحِلِّ وَالنَّسَبِ

۲۰- أَمِيْرَنَا نَرْتَجِيْ لِلّٰهِ طَاعَتَكُمْ
فِيْ كُلِّ أَمْرٍ إِلَى الْمَعْرُوْفِ يَنْتَسِبُ

۲۱- نَدْعُوْا مِنَ اللّٰهِ نَصْرًا دَائِمًا أَبَدًا
لَكُمْ وَفِيْ عَهْدِكُمْ لِلدِّيْنِ يُحْتَسَبُ

۲۲- مِنَّا إِلَيْكُمْ سَلَامٌ مَعَ مَحَبَّتِنَا
وَرَحْمَةُ اللّٰهِ مِنْ عُجْمٍ وَمِنْ عَرَبِ

(محمود الحاج احمد عودة)

ایک پیارے کی جدائی اور دوسرے کی آمد

۱- ہم عرب وعجم میں رہنے والوں کو سخت صدمہ پہونچا ہے جس سے دل زخمی ہیں اور آنکھیں اشکبار۔

۲- ہمارے آقا کی وفات کی وجہ سے جس پر ہماری جانیں قربان ہوتیں اگر ضروری ہوتا۔ آپ کی جان کے مقابل ہماری جانیں بے قیمت ہیں۔

۳- ہمارے امیر وامام، میرے ماں باپ ان پر قربان، ناصرِ اسلام کی جدائی نے ہمیں سخت رنج وکرب میں مبتلا کیا ہے۔

۴- ہمارے تمام اعضاء جسم غم سے بھر گئے ہیں اور دل شدتِ درد سے نوحہ کناں ہیں۔

۵- اے ہمارے رب ہم پر لطف فرما کیونکہ غم نے ہمیں نڈھال کر دیا ہے اور شدتِ کرب سے جان کنی کی سی حالت ہے۔

۶- چند ہی ماہ قبل ہمیں ایک غم پہونچا اور آپ کی رفیقۂ حیات کی وفات سے ہم تڑپے تھے۔

۷- وہ تقویٰ میں مثال تھیں۔ اللہ تعالیٰ ذوالفضل نے آپ کو فضائل سے مکمل کیا تھا۔

۸- محترمہ آپ کی تمام کاموں میں معاون تھیں۔ قربانی کرتی رہیں اور تھکاوٹ کا شکوہ کبھی نہ کیا۔

۹- اللہ ہی کے لیے جہاد کیا اور اللہ ہی کی خاطر مشقتیں برداشت کیں نصرت دین کی راہ میں تاکہ دین ترقی کرے اور مضبوط ہو۔

۱۰- یہی جہاد ہے جس سے ہمارا خالق راضی ہوتا ہے کہ لوگوں میں کتب کے ذریعہ دین حق وہدایت کی اشاعت کی جاوے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

۱۱- میرا امام ناصر کتنا اچھا تھا خدا اس کا بھلا کرے جس نے دین کی عمارت مضبوط کر کے بادلوں تک اونچی کر دی۔
۱۲- کتنی ہی مساجد اس نے مشرق و مغرب میں ہر جگہ تعمیر کیں جو مضبوط ستونوں پر کھڑی ہیں۔
۱۳- جن کے میناروں سے خدا کی آواز بلند ہو رہی ہے اور لوگوں کے دل خدا کی عبادت کی طرف کھنچے آتے ہیں۔
۱۴- عنقریب اندلس سپین میں عالیشان مسجد کے افتتاح کے موقعہ پر ہم حضور سے ملاقات کے منتظر تھے۔
۱۵- اپنے محبوب کی جدائی پر ہماری تعزیت یہی ہے کہ ہمارا ایک رب ہے جو اپنے طالبوں پر بار بار رحم کرنے والا ہے۔
۱۶- اسی نے ہم میں چوتھے امام کو قائم کیا ہے جس میں وہ سب خوبیاں پائی جاتی ہیں جن کی ضرورت ہے۔
۱۷- وہ خلیفہ طاہر ہے ہر گندگی سے پاک اور ادب لطیف سے خوب واقف، خدا نے اسے حلم و بردباری سے مزین کیا ہے۔
۱۸- وہ سیدنا حضرت اقدس کا پوتا، ہمارے مصلح موعود کا فرزند اور ہمارے ناصر کا بھائی ہے اور سونے کی ایک کان سے ہے۔
۱۹- الحمد للہ کہ اس نے جماعت کا والی سب سے زیادہ متقی کو بنایا جو مقام و منزلت، حسب و نسب کے لحاظ سے نجیب ہے۔
۲۰- اے ہمارے امیر! ہم اللہ کی خاطر آپ کے ہر امر معروف میں اطاعت کی توفیق چاہتے ہیں۔
۲۱- ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں وہ آپ کا ہمیشہ مددگار ہو اور آپ کے عہد مبارک میں دین کی نصرت اور حفاظت فرماتا رہے۔
۲۲- ہم عجم و عرب سے آپ کی خدمت میں محبت بھرا السلام علیکم ورحمۃ اللہ عرض کرتے ہیں۔

حضرت مصلح موعود کی کتب۔ خطبات وغیرہ میں سے قیمتی، سبق آموز اور غور و فکر پیدا کرنے والے دلچسپ واقعات پیش خدمت ہیں۔ اس سلسلے میں قارئین کی شرکت کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ (ادارہ)

افکارِ عالیہ

سیاہ اور بدنما چہرہ کو خوبصورت بنانے کا نسخہ

ایک دفعہ ایک اینگلو انڈین استانی میرے پاس آئی۔ وہ چاہتی تھی کہ میں اس کی ملازمت کے لئے کہیں سفارش کر دوں۔ میں نے کہا غور کروں گا۔ اس طرح اسے چند دن ہمارے ہاں ٹھہرنا پڑا وہ اپنے متعلق کہا کرتی تھی کہ میرا رنگ اتنا سفید نہیں جتنا ہونا چاہیئے۔ اور واقعہ یہ تھا کہ اس کا رنگ صرف اتنا کالا نہیں تھا جتنا حبشیوں کا ہوتا ہے۔ میں ان دنوں تبدیلیٔ آب و ہوا کے لئے دریا پر جا رہا تھا اور اتفاقاً ان دنوں میجر سید حبیب اللہ شاہ صاحب (مرحوم جو میرے سالے تھے) وہ بھی قادیان آئے ہوئے تھے۔ انہوں نے ایک انگریز عورت سے شادی کی ہوئی ہے وہ بھی میرے ساتھ چل پڑے کیونکہ ان کی ہمشیرہ اُم طاہر مرحومہ اس سفر میں میرے ساتھ جا رہی تھیں۔ ان کی بیوی نے اس استانی کی بھی سفارش کی کہ میری ہم جولی ہوگی اسے بھی ساتھ لے لو چنانچہ اسے بھی ساتھ لے لیا۔ وہاں پہنچ کر ہم نے دو کشتیاں لیں۔ ایک میں میں، اُم طاہر اور میری سالی (زوجہ سید حبیب اللہ شاہ صاحب مرحوم) تھی۔ اور دوسری میں وہ استانی میجر سید حبیب اللہ شاہ صاحب اور ڈاکٹر حشمت اللہ شاہ صاحب تھے۔ کشتیاں پاس پاس چل رہی تھیں۔ اتنے میں مجھے آوازیں آنی شروع ہوئیں وہ استانی ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب سے باتیں کر رہی تھی کہ فلاں وجہ سے میرا رنگ کالا ہو گیا ہے اور میں فلاں فلاں دوائی رنگ گورا کرنے کے لئے استعمال کر چکی ہوں۔ آپ چونکہ تجربہ کار ہیں اس لئے مجھے کوئی ایسی دوا بتائیں جس سے میرا رنگ سفید ہو جائے اور ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ فلاں دوائی استعمال کی ہے یا نہیں؟ اس نے جواب دیا کہ وہ بھی استعمال کر چکی ہوں غرض اسی طرح ان کی آپس میں باتیں ہو رہی تھیں۔ مجھے ان کی باتوں سے بڑا لطف آ رہا تھا۔ وہ ڈاکٹر صاحب سے بار بار کہتی تھی کہ ڈاکٹر صاحب یہ بیماری ایسی شدید ہے کہ باوجود کئی علاجوں کے آرام نہیں آتا۔ حالانکہ یہ تو کوئی بیماری تھی ہی نہیں۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کا پیدا کردہ رنگ تھا۔ سید حبیب اللہ شاہ صاحب بچپن میں میرے بہت دوست ہوا کرتے تھے اور بعد میں بھی میرے ان سے گہرے تعلقات رہے۔ انہیں قرآن مجید پڑھنے کا بہت شوق تھا وہ اس وقت بھی کشتی میں حسب عادت اونچی آواز سے قرآن کریم پڑھ رہے تھے۔ میں یہ تماشہ دیکھنے لگا کہ ڈاکٹر صاحب اس کا رنگ کس طرح سفید کرتے ہیں۔ آخر تھوڑی دیر کے بعد سید حبیب اللہ شاہ صاحب نے قرآن کریم بند کیا اور درمیان میں بول پڑے۔ اور اسے کہنے لگے ڈاکٹر صاحب تم کوئی نسخہ نہیں بتا سکتے۔ اس دنیا میں تمہارا رنگ کالا ہی رہے گا۔ البتہ ایک نسخہ میں تمہیں بتاتا ہوں قرآن کریم میں لکھا ہے کہ:

"جو شخص نیک عمل کرے گا اس کا قیامت کے دن منہ سفید ہوگا"

پس اس دنیا میں تو تمہارا رنگ سفید نہیں ہو سکتا۔ تم قرآن پر عمل کرو تو قیامت کے دن تمہارا رنگ ضرور سفید ہو جائے گا۔ زینت کے یہ معنے بھی ہیں جو میں بتانے لگا ہوں۔ اسی قسم کے ہیں جس قسم کی طرف سید حبیب اللہ شاہ نے اشارہ کیا تھا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ (آل عمران ع۱۱) دنیا میں اگر کوئی کالا ہے تو گورا نہیں ہو سکتا۔ بدصورت ہے تو خوبصورت نہیں ہو سکتا۔ اندھا ہے تو سویا کھا نہیں ہو سکتا۔ نکٹا ہے تو ناک والا نہیں بن سکتا۔ کوئی شخص ہزار کوشش کرے۔ صابن کی ٹکیوں سے اپنے منہ کو صبح و شام مل مل کر دھوئے اگر اس کا رنگ سیاہ ہے تو سفید نہیں ہوگا اور پیدائشی حالت کبھی بدل نہیں سکے گی۔ کالجوں کے طلباء میں یہ مرض بہت ہوتا ہے اور وہ کئی قسم کی کریمیں ملتے رہتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ نے ان کی جو شکل بنا دی ہے وہ بدل نہیں سکتی۔ پس اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم اپنا رنگ سفید کرنے کے لئے کہیں پیئرز سوپ ملتے ہو۔ کہیں وفولیا سوپ خریدتے ہو۔ کہیں پام آلو سوپ استعمال کرتے ہو مگر پھر بھی تمہارا رنگ نہیں بدلتا۔ آؤ ہم تمہیں بتاتے ہیں۔ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ۔ ایک دن ایسا آنے والا ہے جب مومنوں کے منہ سفید براق ہو جائیں گے پھر دنیا میں سفید رنگ والے بھی کالے ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ ذرا بیمار ہوں۔ تو ان کے رنگ کالے ہو جاتے ہیں بعض لوگ بیماریوں میں اندھے اور کانے ہو جاتے ہیں۔ فرمایا:

وَاَمَّا الَّذِیْنَ ابْیَضَّتْ وُجُوْھُھُمْ فَفِیْ رَحْمَۃِ اللّٰہِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ ۝

(آل عمران ع۱۱)

جن لوگوں کے منہ سفید ہوں گے وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سایہ تلے رہیں گے اور کبھی ان کا رنگ خراب نہیں ہوگا۔

(سیر روحانی ۲۹۰ تا ۲۹۲ جلد اوّل)

(مرسلہ: احمد زبیر خان صاحب ڈیپٹی دارالصدر شرقی ربوہ)

زکوٰۃ تزکیہ نفس کرتی ہے اور اموال کو بڑھاتی ہے

تحفۃ الصیام — درس الحدیث

قیامت کے دن روزہ پیاس بجھائے گا

روزہ کی برکات کا دلنشین تذکرہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب مربی سلسلہ ملتان

ارشاد باری تعالیٰ

وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

(البقرہ : ۱۸۵)

ترجمہ: اور اگر تم علم رکھتے ہو (سمجھ سکتے ہو کہ) تمہارا روزے رکھنا تمہارے لئے بہتر ہے۔

حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَبَّكُمْ يَقُوْلُ كُلُّ حَسَنَةٍ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ وَالصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ وَلَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ۔

(ترمذی)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا رب فرماتا ہے کہ ہر نیکی کا ثواب دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک ہے اور روزہ کی عبادت تو خاص میرے لئے ہے اور میں خود اس کی جزا دوں گا یا میں خود اس کا بدلہ ہوں۔ اور روزہ آگ سے بچانے کے لئے ڈھال ہے اور روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک کستوری کی خوشبو سے بھی زیادہ محبوب ہے۔

تشریح

روزہ اپنی بعض خصوصیات کے اعتبار سے ایک منفرد عبادت ہے۔ حضرت ابو امامہؓ نے ایک دفعہ حضورؐ سے عرض کی کہ مجھے کوئی نصیحت یا ارشاد فرمایئے۔ آپؐ نے فرمایا روزے رکھا کرو کیونکہ اس جیسی کوئی چیز نہیں۔ (نسائی)

اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر عبادت کی کوئی ظاہری شکل ہے جس سے اس کا پتہ چل جاتا ہے مگر روزہ کا تعلق صرف دل کی نیت سے ہے جسے خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جس میں ریاء کا شائبہ تک نہیں۔ پھر یہ ایک ایسی عبادت ہے جو دوسری تمام عبادتوں اور نیکیوں کو جمع کرنے والی ہے گویا جامع الخیرات ہے۔ پھر بندہ کی حالت میں انسان محض خدا کی خاطر حلال چیزوں سے بھی رک جاتا ہے جو صبر کا اعلیٰ مقام ہے۔ ان خصوصیات کی بناء پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہر عمل کا اجر اور ثواب خدا نے فرشتوں کے سپرد کر رکھا ہے۔ جو دس گنا سے سات سو گنا تک ثواب دیتے ہیں، سوائے روزہ کے کیونکہ میرا بندہ روزہ میں اور میرے حکم کی خاطر اور میری رضا کے لئے اپنی خواہشات چھوڑ دیتا ہے۔ اس لئے انسان کا ہر عمل اس کے اپنے لئے ہے لیکن بندہ کا ہر معاملہ اور اس کے اجر و ثواب کا تعلق بھی میری ذات سے ہے۔ اور اس کا اجر بے حد و حساب ہے جو میں ہی جانتا ہوں اس لئے میں خود یعنی بغیر کسی واسطے اس کی جزا اپنے بندہ کو دوں گا۔

بعض روایات میں اُجْزِیْ بِهٖ کے الفاظ ہیں کہ روزہ دار کی جزا میں خود ہوں گا۔ یعنی روزہ کے نتیجہ میں دیدار الٰہی اور وصال رب العزت روزہ دار کو نصیب ہوگا۔ جیسا کہ حدیث میں ہے روزہ دار کے لئے دو خوشیاں مقدر ہیں ایک خوشی اسے اس وقت ہوتی ہے جب وہ روزہ افطار کرتا ہے۔ اور دوسری خوشی اس وقت ہوگی جب روزہ کی وجہ سے اپنے رب سے وہ ملاقات کرے گا۔ (بخاری)

روزہ کی بہت برکات ہیں حضرت سہل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ریان کہتے ہیں (ریان کے معنے ہیں سیراب کرنے والا) اس میں سے قیامت کے دن روزہ دار جنت میں داخل ہوں گے اور ان کے علاوہ کوئی اور اس دروازے سے داخل نہیں ہو سکے گا۔ اس دن اعلان کیا جائے گا کہ روزہ دار کہاں ہیں؟ اس پر روزہ دار کھڑے ہوں گے اور اس دروازے سے ان کے علاوہ اور کوئی داخل نہ ہوگا۔ پھر جب وہ داخل ہو جائیں گے تو اسے بند کر دیا جائے گا۔ (بخاری)

اور دوسری روایت میں ذکر ہے کہ صحابہ کرامؓ کی مجلس میں ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں۔ جن میں سے جنتیوں کو جنت میں داخل کیا جائے گا۔ نمازیوں کو نماز کے دروازے سے، جہاد کرنے والوں کو جہاد کے دروازہ سے، صدقہ کرنے والوں کو صدقہ کے دروازہ سے اور روزہ داروں کو باب الریان سے آواز آئے گی کہ اے اللہ کے بندو! یہاں تمہارے لئے خیر و بھلائی ہے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے عرض کی کہ اے خدا کے رسول! جس شخص کو کسی ایک دروازے سے بھی جنت میں پکارا جائے۔ اسے کسی دوسرے دروازے کی ضرورت تو نہیں لیکن کوئی ایسا خوش قسمت بھی ہوگا جسے جنت کے سارے دروازوں سے داخل ہونے کے لئے بلایا جائے گا۔ آنحضورؐ نے فرمایا۔ اے ابوبکرؓ! میں امید کرتا ہوں کہ تو ان میں سے ہوگا۔ جن کو جنت سے تمام دروازوں سے بلایا جائے گا۔ (بخاری)

روزہ داروں کے جنت کے دروازہ باب الریان کے بارہ میں حضورؐ نے فرمایا کہ جو شخص اس میں سے داخل ہوگا اسے کبھی پیاس نہیں ہوگی — ریان کے معنے سیرابی کے ہیں اور شاید اس میں یہ حکمت ہے کہ بندہ جس نے خدا کی خاطر دنیا میں پیاس برداشت کی خدا اسے ہمیشہ کے لئے سیراب کرے گا۔ ایک اور حدیث میں آنحضورؐ نے روز محشر کے حالات بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے اپنی امت کے ایک شخص کو اس حال میں دیکھا کہ پیاس سے بے حال ہو کر زبان باہر نکال رہا تھا اس وقت اس کے پاس رمضان کے روزے آئے اور اس کی پیاس بجھائی۔ (طبرانی بحوالہ جامع الصغیر)

پس اگر انسان اخلاص و ایمان سے خدا کی خاطر روزے رکھے تو اس کے لئے بڑا ثواب ہے۔ حضرت ابو سعیدؓ خدری بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو بندہ خدا کی راہ میں ایک دن روزہ رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس ایک دن کے روزہ کے بدلہ میں ستر سال تک اس کے چہرے سے آگ کو دور کر دیتا ہے (مسلم ابن ماجہ)

ایک اور روایت میں ہے کہ خدا کی خاطر ایک دن کا روزہ رکھنے والے سے جہنم سو سال دور کر دی جاتی ہے (نسائی)

روزہ دار کا یہ اجر و ثواب خدا کی خاطر اس کے صبر و برداشت کرنے کی وجہ سے ہے۔ حضرت ام عمارہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ دار کے پاس جب کوئی بے روزہ کھانا کھائے تو فرشتے روزہ دار کے لئے اس وقت تک دعائیں کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ وہ کھانے والا اپنے کھانے سے فارغ ہو جائے۔ (ترمذی۔ مسند احمد)

حضرت بریدہؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت بلالؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے حضور صبح کا کھانا تناول فرما رہے تھے۔ حضورؐ نے فرمایا بلال! آؤ کھانا کھائیں۔ حضرت بلالؓ نے جواب دیا خدا کے رسول! مجھے روزہ ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہم جنت میں اپنا رزق بھی کھائیں گے اور بلالؓ کے رزق کا بچا ہوا بھی — پھر فرمایا اے بلالؓ! جانتے ہو روزہ دار کی ہڈیاں بھی تسبیح کرتی ہیں اور جب اس کے پاس کھانا کھایا تو فرشتے اس کے لئے بخشش کی دعا کرتے ہیں۔ (بیہقی)

حضرت (اقدس — ناقل) نے روزہ کی تاثیرات و برکات کے بارہ میں تحریر فرماتے ہیں:

"ایک مرتبہ ایام جوانی میں ایسا اتفاق ہوا کہ ایک بزرگ معمر ملک صورت مجھ کو خواب میں دکھائی دیا اور اس نے یہ ذکر کر کے کہ کس قدر روزے انوار سماوی کی پیشوائی کے لئے رکھنا سنت خاندان نبوت ہے۔ اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ اس سنت اہلبیت رسالت کو بجا لاؤں۔ میں نے رؤیا مذکورہ بالا کے موافق چھ ماہ تک برابر محض طور پر روزوں کا التزام کیا اس اثناء میں عجیب عجیب مکاشفات مجھ پر کھلے بعض گذشتہ نبیوں سے ملاقاتیں ہوئیں اور جو اعلیٰ طبقہ کے اولیاء اس امت میں گذر چکے ہیں۔ ان سے ملاقات ہوئی ایک دفعہ عین بیداری کی حالت میں جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مع حسین و علی رضی اللہ عنہم و فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دیکھا اور یہ خواب نہ تھی بلکہ بیداری کی ایک قسم تھی غرض اس طرح پر کئی مقدس لوگوں کی ملاقاتیں ہوئیں۔ جن کا ذکر کرنا موجب تطویل ہے اور علاوہ اس کے انوار روحانی تمثلی طور پر برنگ ستون سبز و سرخ ایسے دلکش و دلستان طور پر نظر آتے تھے جن کا بیان کرنا طاقت تحریر سے باہر ہے۔ وہ نورانی ستون جو سیدھے آسمان کی طرف گئے تھے۔ جن میں سے بعض چمکدار اور بعض سبز و سرخ تھے ان کو دل سے ایسا تعلق تھا کہ ان کو دیکھ کر دل کو نہایت سرور پہنچتا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تھا اور دنیا میں کوئی بھی ایسی لذت نہیں ہوتی جیسا کہ اس کو دیکھ کر دل اور ارواح کو لذت آتی ہے میرے خیال میں ہے کہ وہ ستون خدا اور روزہ کی محبت کی ترکیب سے ایک تمثیلی صورت میں ظاہر کئے گئے تھے یعنی وہ ایک نور تھا جو دل سے نکلا اور دوسرا وہ نور تھا جو اوپر سے نازل ہوا اور دونوں کے ملنے سے ایک ستون کی صورت پیدا ہوگئی۔ یہ روحانی امور ہیں کہ دنیا ان کو نہیں پہچان سکتی کیونکہ وہ دنیا کی آنکھوں سے بہت دور ہیں۔ لیکن دنیا میں ایسے بھی ہیں جن کو ان امور سے خبر ملتی ہے۔"

(فتاویٰ احمدیہ صفحہ ۱۳۱ مرتبہ فخر الدین ملتانی)

روزوں کے روحانی فوائد اور برکات میں سے یہ بھی ہے کہ اس سے انسان خدا تعالیٰ سے مشابہت اختیار کر لیتا ہے بے شک انسان کھانا پینا اور سونا بالکل تو نہیں چھوڑ سکتا تاہم رمضان میں ایک حد تک ان کو چھوڑ کر اور نیند میں کمی کر کے اللہ تعالیٰ سے ایک قسم کی مشابہت پیدا کر لیتا ہے۔ اور اس کے نتیجے میں انسان کا اللہ تعالیٰ سے اعلیٰ درجہ کا اتصال ہو جاتا ہے اور خدا خود اس کا محافظ بن جاتا ہے پھر روزہ کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کا الہام انسانی دل پر نازل ہوتا ہے اور کشفی نگاہ میں زیادہ نور پیدا ہوتا ہے ——

انسان خدا کے لئے کھانا پینا چھوڑ کر ثابت کرتا ہے کہ وہ اس کے لئے مرنے کو بھی تیار ہے اور اس طرح اس قربانی سے خدا تعالیٰ کے لقاء کا مستحق ہوتا ہے۔ پھر رمضان کے ذریعہ استقلال کی عادت پیدا ہوتی ہے۔ غریبوں کے حقوق کی ادائیگی کی طرف توجہ ہوتی ہے۔ وقت کی پابندی کا احساس ہوتا ہے۔ ایک مہینہ تک جائز حقوق کو چھوڑ کر ناجائز حقوق اور حرام چیزوں سے بچنے کی توفیق ہوتی ہے اور نیکیوں کی عادت پڑتی ہے ——

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:

"غرض رمضان کا مہینہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص برکات اور خاص رحمتیں لے کر آتا ہے۔ یوں تو اللہ تعالیٰ کے انعام اور احسان کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں ..... لیکن یہ بھی اس کے احسانات میں سے ہی ہے کہ اس نے رمضان کا ایک مہینہ مقرر کر دیا تاکہ وہ لوگ جو خود نہیں اٹھ سکتے۔ ان کو ایک نظام کے ماتحت اٹھنے کی عادت ہو جائے اور ان کی غفلتیں ان کی ہلاکت کا موجب نہ ہوں۔"

(تفسیر کبیر سورۃ البقرہ صفحہ ۳۸۲)

حضرت مرزا ناصر احمد صاحب رحمہ اللہ کی قیادت میں علوم قرآنیہ کی ترویج عصر حاضر کی تاریخ کا درخشندہ باب ہے

ہم خوش ہیں کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ جماعت احمدیہ کو حیات نو سے ہمکنار کر رہے ہیں

افراد جماعت احمدیہ کوئٹہ کی طرف سے قرار دار تعزیت و تجدید عزم اطاعت و وفا:

جماعت احمدیہ کوئٹہ بلوچستان کا یہ غیر معمولی اجلاس عزیز تر از جان آقا سیدنا حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ کی وفات پر اپنے دلی حزن و ملال گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

؎ بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

حضور رحمہ اللہ تعالیٰ کے تقریباً سترہ (۱۷) سالہ دور خلافت میں اللہ تعالیٰ نے ہر لحاظ سے جماعت احمدیہ پر بڑے فضل نازل فرمائے اور جماعت احمدیہ نے اللہ تعالیٰ کے ان وعدوں کے مطابق جو اس نے حضرت اقدس .....) کے ساتھ کئے تھے۔ تمام جہات میں عظیم کامیابیاں اور ترقیات حاصل کیں۔

۱۹۷۴ء کے پر آشوب حالات میں حضور رحمہ اللہ تعالیٰ کی قیادت اور دعاؤں سے جماعت احمدیہ کے خوف کو، اللہ تعالیٰ نے امن میں بدل دیا۔ وطن عزیز پاکستان و بیرون ممالک میں قیام مشن ہائے تبلیغ اسلام اور تعمیر مساجد، وسیع پیمانہ پر قرآن کریم کی اشاعت اور ترویج علوم قرآنیہ نیز براعظم افریقہ میں ہسپتالوں، کالجوں، سکولوں کے ذریعہ مخلوق خدا کی بے لوث خدمات عظیمہ عصر حاضر کی تاریخ کا درخشندہ باب ہے۔ حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے علاوہ دیگر دینی تحریکات کے "فضل عمر فاؤنڈیشن" "نصرت جہاں آگے بڑھو پروگرام" "صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ و تعلیمی منصوبہ" ایسی منتظم بالشان و دور رس اثرات و نتائج کی حامل سکیموں کو بڑی مضبوط بنیادوں پر قائم فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی جاری فرمودہ ہر سکیم میں آپ کی نصرت فرمائی اور اعلیٰ درجہ کی کامیابیوں سے ہمکنار فرمایا فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

بحیثیت خلیفۃ المسیح آپ کے کارنامے تاقیامت زندہ و تابندہ رہیں گے اور عالمگیر جماعت احمدیہ کا ہر فرد آپ کے سلوک سے تادم واپسیں سرشار رہے گا۔ حضور کے اوصاف حمیدہ کے تذکرے زبان زد عام رہیں گے اور مومنین و مومنات کے دلوں سے کبھی محو نہیں ہوں گے اللہ تعالیٰ حضور رحمہ اللہ تعالیٰ کے درجات جنت الفردوس میں بلند سے بلند تر فرماتا رہے آمین ثم آمین۔

جماعت احمدیہ کوئٹہ کے جملہ افراد، صدق دل کے ساتھ اقرار کرتے ہیں کہ جس طرح ہم نے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے حضور رحمہ اللہ تعالیٰ کی حیات مبارکہ میں حضور کی جاری فرمودہ تحریکات میں حسب توفیق حصہ لینے کی سعادت حاصل کی۔ اب جبکہ حضور خلیفۃ المسیح الثالث نور اللہ مرقدہٗ اپنے نفس مطمئنہ کے ساتھ "فادخلی فی عبادی و ادخلی جنتی" کے مصداق اپنے رب کریم کے حضور حاضر ہوئے ہیں۔ ہم تاحیات حضور کی ان تحریکات میں اپنی پوری قوت کے ساتھ حصہ لیتے رہنے کی کوشش کرتے رہیں گے انشاء اللہ وباللہ التوفیق۔

اس وقت ہم سب مبائع احمدیوں کے دل و دماغ غم اور خوشی کے جذبات سے پر ہیں ایک طرف بہت ہی پیار کرنے والے عظیم روحانی وجود حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نور اللہ مرقدہٗ کی ناگہانی رحلت کا غم ہے تو دوسری طرف حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب سلمہ الرحمٰن و ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے برحق خلیفۃ المسیح الرابع منتخب ہونے کی خوشی بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے عالمگیر جماعت احمدیہ کو اپنے وعدہ کے مطابق حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے مبارک ہاتھوں سے وحدت کی روحانی سلک میں محفوظ فرما لیا ہے اور ہم خوش ہیں کہ جماعت حقہ احمدیہ کے سینہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایک نہایت صالح اور جوان اور قوی دل کی صورت میں پوری آب و تاب اور قوت خداداد کے ساتھ دھڑک کر جماعت کے پورے جسم کو نہایت پاکیزہ زندگی بخش روحانی خون مہیا فرما کر اسے حیات نو سے ہمکنار فرما رہے ہیں۔ فالحمد للہ علی ذالک۔

جماعت احمدیہ کوئٹہ کا یہ غیر معمولی اجلاس جس میں تقریباً تمام مرد و زن، بچے و بچیاں شامل ہیں اپنے امام عالی مقام سیدنا حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ و ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو قرآن مجید کی "سورۂ نور" کی آیت استخلاف اور حضرت اقدس ..... کے رسالہ "الوصیت" کی تشریحات کے عین مطابق قدرت ثانیہ کا چوتھا ظہور یعنی خلیفہ برحق تسلیم کرتا ہے اور آپ کی بیعت میں شامل ہونا اپنی روحانی سعادت اور فرض عین سمجھتا ہے۔ ہم اس سانحہ عظیمہ کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ و دیگر افراد خاندان حضرت اقدس ..... نیز حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے واسطہ سے چار دانگ عالم میں پھیلی ہوئی عالمگیر جماعت ہائے احمدیہ کے تمام افراد سے دلی تعزیت کرتے ہیں۔

ہم سب افراد جماعت احمدیہ کوئٹہ بشاشت قلبی کے ساتھ اقرار صالح کرتے ہیں کہ ہم سب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اپنے موجودہ امام حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع کی امور معروفہ میں پوری پوری اطاعت و فرمانبرداری کریں گے۔ دین کو دنیا پر مقدم رکھنے کی سعی بلیغ کریں گے اور خلیفۂ وقت ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات و ہدایات پر بلا چون و چرا عمل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے ہم تجدید بیعت کو لازمی سمجھتے ہیں اور بہت جلد ہم میں سے ہر فرد طبع شدہ فارم ہائے تجدید پُر کر کے مرکز میں بتوسط مقامی جماعت بھجوا دے گا۔

ہم تمام افراد سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت عالی میں مؤدبانہ درخواست کرتے ہیں کہ حضور دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہم میں سے ہر ایک کے دل سے معصیت کی تیرگی دور فرما دے اور ہمارے دلوں میں تقویٰ کے نورانی چراغ روشن ہوں اور ہم حضرت اقدس کی تعلیمات کو سمجھ کر اس پر عمل کرنے کی توفیق پائیں اور ساری دنیا میں غلبۂ اسلام کی مہم میں اللہ تعالیٰ ہمارے نام بھی لکھ لے اور ہمارا خاتمہ بالخیر ہو۔ آمین ثم آمین۔

ہم ہیں حضور خلیفۃ المسیح الرابع کے خدام

افراد جماعت احمدیہ کوئٹہ

دعائے مغفرت

میری بیٹی محمودہ بیگم (اہلیہ عزیز مکرم خالد ارشاد صاحب ابن مکرم ارشاد احمد صاحب شکیب صدر جماعت احمدیہ جیکب آباد) ۳۰ رجون کو سول ہسپتال نواب شاہ میں دماغ کی شریان پھٹ جانے کی وجہ سے ۳۰ گھنٹے بیہوش رہنے کے بعد اپنے حقیقی مولیٰ کے حضور حاضر ہو گئیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ مرحومہ کی عمر وفات کے وقت صرف ۲۱ سال تھی اور شادی پر ابھی ساڑھے آٹھ ماہ ہی گذرے تھے۔ بڑی نیک دیندار اور عبادت گذار تھی۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی رضا کی جنتوں میں بلند مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین۔

(شریف احمد دیڑھوی سیکرٹری مال جماعت احمدیہ باندھی ضلع نواب شاہ سندھ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

امتیازی نتیجہ سالانہ مرکزی امتحان ناصرات الاحمدیہ ربوہ

منعقدہ ۷ مئی ۱۹۸۲ء

ربوہ کے ۳۰ محلوں سے کل امیدوار تحریری امتحان میں شامل ہوئیں - ۱۰۳۴
فیل - ۴۲
پاس - ۹۹۲

معیار اوّل - ۳۱۸ بچیاں امتحان میں شامل ہوئیں
۲۰ فیل ہوئیں

فریدہ سلام بنت عبدالسلام	دارالصدر غربی ۱	۹۰/۱۰۰	اوّل
ثمینہ طلعت " غلام رسول	فیکٹری ایریا ۲	۸۴	دوم
ثمین ناصر " ناصر احمد	دارالصدر شمالی ۲	۸۳	سوم

معیار دوم - ۳۵۴ بچیاں امتحان میں شامل ہوئیں
۲۰ فیل ہوئیں

سعیدہ پروین بنت عبدالرشید	دارالعلوم شرقی الف	۷۰/۷۵	اوّل
طیبہ صدیقہ بنت رشید الدین	دارالصدر شمالی الف	۶۸	دوم
رخشندہ تحسین بنت عطاء اللہ چیمہ	چنیاں		
نویدہ منور " منور احمد	دارالصدر شمالی الف	۶۷	سوم

معیار سوم - ۳۶۲ بچیاں امتحان میں شامل ہوئیں
۲ فیل ہوئیں -

خالدہ پروین بنت بشیر احمد	دارالصدر شرقی ۱	۴۸/۵۰	اوّل
شکیلہ منور " منور احمد بھٹی	دارالفضل		
امۃ الحی " عبدالمنان	دارالصدر شمالی الف	۴۶	دوم
امۃ الشکور " محمد بشیر	دارالعلوم غربی ۱	۴۵	سوم

(سیکرٹری ناصرات الاحمدیہ مرکزیہ)

اعانت الفضل

مندرجہ ذیل احباب نے اعانت الفضل کی مد میں رقوم ارسال کی ہیں -

۱۔ امۃ اللطیف مرزا اسلم بیگ	لاہور	۱۰۰ — ۰۰
۲۔ خادم نبی راجہ صاحب	"	۱۰۰ — ۰۰
۳۔ رشید احمد صاحب	راولپنڈی	۱۰۰ — ۰۰
۴۔ مشتاق احمد صاحب	"	۱۰۰ — ۰۰
۵۔ حبیب اللہ صاحب بٹ	"	۷۵ — ۰۰
۶۔ عائشہ بی بی صاحبہ چک ۸۲ جنوبی	سرگودھا	۵۰ — ۰۰
۷۔ ظہیر احمد صاحب ہاشمی	گجو چک گوجرانوالہ	۵۰ — ۰۰
۸۔ اعجاز احمد صاحب	کراچی	۵۰ — ۰۰
۹۔ فہیم احمد صاحب	سرگودھا	۳۵ — ۰۰
۱۰۔ مولوی مبشر احمد صاحب راجیکی	ربوہ	۳۵ — ۰۰
۱۱۔ احمد علی صاحب	ربوہ	۳۵ — ۰۰
۱۲۔ صادق احمد صاحب	نواب شاہ	۳۵ — ۰۰
۱۳۔ طارق سجاد صاحب	"	۳۳ — ۰۰
۱۴۔ الحاج محمد شفیع صاحب ہاشمی	کراچی	۳۰ — ۰۰
۱۵۔ عبدالغفور صاحب	انگلستان	۲۵ — ۰۰
۱۶۔ خواجہ غلام مصطفےٰ صاحب	"	۲۰ — ۰۰
۱۷۔ بیگم عبدالغفور صاحب کوٹک	لاہور	۲۰ — ۰۰
۱۸۔ مظفر کریم صاحب	ربوہ	۱۰ — ۰۰
۱۹۔ ڈاکٹر محمد شفیع صاحب	ربوہ	۱۰ — ۰۰
۲۰۔ والدہ محمد ظفر اللہ خان صاحب	لاہور	۱۰ — ۰۰
۲۱۔ عبدالرؤف صاحب	ربوہ	۱۰ — ۰۰
۲۲۔ خالدہ افضل صاحبہ	بھیرہ سرگودھا	۱۰ — ۰۰
۲۳۔ صادقہ فرحت صاحبہ	"	۵ — ۰۰

حضرت اقدس کا ارشاد دربارہ زکوٰۃ

"اگر میری جماعت میں ایسے احباب ہوں جو ان پر بوجہ املاک و اموال و زیورات وغیرہ کے زکوٰۃ فرض ہو تو ان کو سمجھنا چاہیئے کہ اس وقت دین اسلام جیسا غریب اور یتیم اور بے کس کوئی بھی نہیں اور زکوٰۃ نہ دینے میں جس قدر تہدید شرع میں وارد ہے وہ بھی ظاہر ہے - اور عنقریب ہے جو منکر زکوٰۃ کافر ہو جائے - پس فرض عین ہے جو اس راہ میں اعانت اسلام میں زکوٰۃ دی جاوے" (نشان آسمانی صفحہ ۴۹)

حضور اقدس کا ارشاد کسی وضاحت و تشریح کا محتاج نہیں ہے پس صاحبِ نصاب احباب و خواتین سے گذارش کی جاتی ہے کہ ان پر جسقدر بھی زکوٰۃ واجب الادا ہو مرکز سلسلہ میں بھجوا کر عنداللہ ماجور ہوں - اللہ تعالیٰ آپ کے اموال و نفوس میں مزید برکت دے - آمین -

(ناظر بیت المال آمد - ربوہ)

پتہ درکار ہے

مکرم شریف احمد صاحب ولد چوہدری کمال الدین صاحب وصیت ۲۰۳۰۴ چوڑا سگھر ضلع شیخوپورہ کے ایڈریس کی ضرورت ہے - اگر کسی کو ان کے ایڈریس کا علم ہو یا وہ خود یہ اعلان پڑھیں تو اپنے موجودہ ایڈریس سے نظارت ہذا کو مطلع فرمائیں -

(سیکرٹری مجلس کارپرداز - ربوہ)

زعماء انصار اللہ متوجہ ہوں

رپورٹ کارگذاری کا مرکز میں آنا بہت ضروری ہے کیونکہ اس کے بغیر مرکز آپ کی مساعی سے واقف نہیں ہو سکتا - جن زعماء کرام نے ابھی تک ماہ ہجرت / مئی کی رپورٹ کارگذاری مرکز کو ارسال نہیں کی ان سے گذارش ہے کہ وہ فوری طور پر رپورٹ مرکز کو ارسال فرمائیں جزاکم اللہ احسن الجزاء

(قائد عمومی مجلس انصار اللہ مرکزیہ)

اعلان نکاح

میرے بیٹے عزیزم ڈاکٹر مبشر احمد صاحب حال نائیجیریا کے نکاح کا اعلان بہمراہ عزیزہ نصرت رحمان صاحبہ بنت قریشی خلیل الرحمان صاحب ساکن راجگڑھ - لاہور بعوض مبلغ پچیس ہزار روپے حق مہر مکرم مولوی رشید احمد صاحب چغتائی نے مسجد نصرت دارالرحمت وسطی ربوہ میں بعد نماز عصر پڑھا -

احباب جماعت دعا فرمائیں کہ مولیٰ کریم اس رشتہ کو ہر لحاظ سے باعثِ خیر و برکت اور مثمر ثمراتِ حسنہ بنائے - آمین -

(میاں محمد نصیر الدین ۳۲ - محمدی پارک - راجگڑھ - لاہور)

درخواستِ دعا

• محترمہ بیگم صاحبہ مکرم میاں عبدالحق صاحب مبلغ انڈونیشیا میڈیم کوارٹر ۹ تحریک جدید ربوہ نے اپنے بچوں کی اعلیٰ کامیابی پر ایک سو روپے مساجد فنڈ میں ادا فرمایا ہے - اور قارئین الفضل سے دعا کی متمنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ آئندہ بھی ان کے بچوں کو اعلیٰ کامیابیوں سے نوازے نیز ان کے بیٹے عبدالشکور انیس صاحب کو جو کہ انجینئرنگ کے آخری سال میں ہیں اللہ تعالیٰ صحت و سلامتی والی لمبی عمر کے ساتھ اعلیٰ کامیابی عطا فرمائے - آمین (وکیل المال اوّل تحریک جدید)

• مکرم رفیق احمد صاحب بھٹی نواب شاہ - کافی دنوں سے بیمار ہیں اور کمزور بھی ہو گئے ہیں - خاندان حضرت اقدس، بزرگان سلسلہ اور احباب جماعت سے ماہِ صیام میں عاجزانہ دعاؤں کی درخواست ہے -

(سیکرٹری اصلاح و ارشاد نواب شاہ)

• میری ہمشیرہ کچھ عرصہ سے بیمار چلی آ رہی ہے - احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ میری ہمشیرہ کو کامل صحت عطا فرمائے - آمین -

(منیر احمد ناصر دارالنصر غربی ربوہ)

• خاکسار کے خسر مکرم حاجی مرزا نذیر احمد آف ڈسکہ کچھ عرصہ سے بعارضہ قلب بیمار ہیں ان کی کامل و عاجل شفایابی کے لئے درد دل سے دعا کی درخواست ہے -

(محمد ارشد فاروق - ریڈیوگرافر فضل عمر ہسپتال - ربوہ)

ہر قارئین سے درخواست ہے کہ ان سب کی دینی و دنیوی ترقیات کے لئے دعا فرمائیں -

(مینیجر)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وقفِ جدید اور ۲۹ رمضان المبارک کی دعائیہ فہرست

خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے رمضان المبارک ہمیشہ کی طرح اپنی پوری برکات کے ساتھ شروع ہو چکا ہے۔ الحمد للہ۔

ہمارے پیارے امام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس ماہ مبارک میں اپنا مال اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اس کثرت سے خرچ فرماتے تھے کہ اس کی مثال احادیث میں تیز ہواؤں سے دی گئی ہے۔ امید ہے کہ آپ ان مبارک ایام میں اپنے پیارے آقا آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے مطابق انفاق فی سبیل اللہ کی توفیق پائیں گے، اور وقفِ جدید کو بھی ضرور یاد رکھیں گے۔

جملہ احبابِ جماعت کوشش فرمائیں کہ ۲۹ رمضان المبارک سے قبل اپنا اور اپنے اہل و عیال کا چندہ وقفِ جدید سو فیصد ادا ہو جائے تاکہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں پیش کی جانے والی دعائیہ فہرست میں آپ کا نام بھی شامل ہو سکے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

(ناظم مال وقفِ جدید ربوہ)

مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ کا سالانہ اجتماع

مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ کا سالانہ اجتماع مورخہ ۱۵، ۱۶، ۱۷ اخاء ۱۳۶۱ ہش / اکتوبر ۱۹۸۲ء (بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار) ربوہ میں منعقد ہوگا۔

جس میں ہر مجلس کی نمائندگی لازمی ہے لہٰذا ابھی سے اس اجتماع کی تیاری شروع کر دیجئے خدا تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔

(سیکرٹری عمومی مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)



تسکین ہاؤسنگ سکیم ربوہ

باقاعدہ ٹاؤن کمیٹی بلدیہ ربوہ سے منظور شدہ

فوری رجسٹری اور فوری قبضہ

ہر قسم کے نقص سے پاک۔ حق شفعہ سے مبرا۔ ڈویلپمنٹ شروع ہے۔ پختہ سڑکیں اور نالیاں۔ بجلی اور میٹھے پانی کی سہولت۔ سوئی گیس مہیا کی جائے گی۔ **۵ اور ۱۰ مرلہ** والے پلاٹ حاصل کریں بہترین موقع، ایک طرف ناصر آباد دوسری طرف محلہ دارالرحمت شرقی بلاک ۲۴ کی چالیس فٹ سڑک پر واقع مسجد اقصیٰ کے پہلو میں۔ مناسب قیمت **فوری توجہ فرمائیں۔**

رمضان المبارک کے مہینہ میں بارہ فی صد خصوصی رعایت:۔ احباب اس رعایت سے فائدہ اٹھائیں نیز جن احباب کو خطوط کے جواب میں ریٹ بتائے ہوئے ہیں وہ احباب بھی اس رعایت سے فائدہ حاصل کریں۔ یہ خصوصی رعایت ۳۰ رمضان المبارک تک کے لئے ہے

رابطہ کے لئے:۔

پروپرائیٹر
حاجی عبدالسمیع ۱۶/۲۵ باسط منزل دارالرحمت شرقی ربوہ رہائش فون ۴۱۶
دکان ۶۱۴

۔۔ صدیق اسٹیٹس انجنی چوک مسجد اقصیٰ فون نمبر ۶۴۰

۔۔ مومن اسٹیٹس گول بازار ربوہ فون نمبر ۵۱۷

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت دہم کی فری کوچنگ کلاس کا افتتاح

مورخہ ۳ر جولائی ۸۲ء کو صبح ۸ بجے مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے اس کلاس کا افتتاح فرمایا۔ آپ نے اپنے افتتاحی خطاب میں طلباء کو نصیحت فرمائی کہ روحانی علوم کے ساتھ ساتھ مادی علوم کا حاصل کرنا بھی ضروری ہے۔ مادی علوم بھی خدا تعالیٰ کی شناخت اور معرفت کا ذریعہ ہیں۔ نیز طلباء اساتذہ کا ادب و احترام کرتے ہوئے اس کلاس سے فائدہ اٹھائیں۔

کلاس کے افتتاح کے موقعہ پر ۳۵ طلباء شامل تھے۔ افتتاح کے بعد باقاعدہ تدریس کا آغاز کر دیا گیا۔ اور نگران کلاس نے طلباء کو کلاس کے متعلق ہدایات دیں۔

جو طلباء ابھی تک شامل نہیں ہوئے وہ بھی جلد از جلد کلاس میں شامل ہو کر فائدہ اٹھائیں کلاس روزانہ صبح ۶-۳۰ بجے سے ۹-۳۰ بجے تک ہوگی۔ سائنس اور آرٹس کے مضامین کی الگ الگ کلاس ہوگی۔

(شیخ مبارک احمد۔ انچارج کلاس)

مسجد احمدیہ ڈرگ روڈ میں نمازِ تراویح اور درس القرآن

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سالہائے گذشتہ کی طرح امسال بھی مسجد احمدیہ ڈرگ روڈ کراچی میں نماز تراویح اور درس القرآن کا انتظام کیا گیا ہے۔ نماز فجر کے بعد مکرم مولانا محمد عثمان صاحب چینی مربی سلسلہ مردوں میں اور صبح ۹½ بجے مکرم محمد علی صاحب مستورات میں قرآنی مضامین کے اعتبار سے روزانہ ایک ایک مضمون کا درس دیتے ہیں۔ نمازِ عصر کے بعد مکرم عبدالباری صاحب قیوم شاہد چھٹے پارہ سے دسویں پارہ تک کا درس دے رہے ہیں (انہوں نے گذشتہ سال پہلے پانچ پاروں کا درس دیا تھا) نمازِ عشاء کے بعد مکرم حافظ بشارت احمد صاحب آف ربوہ روزانہ نماز تراویح میں کم و بیش ایک پارہ کی تلاوت کرتے ہیں۔ تمام دروس القرآن اور نمازِ تراویح میں جماعت کے احباب و خواتین چھوٹے بڑے سب افراد کثرت سے شامل ہوتے ہیں۔

مورخہ ۲۹ر جون بروز منگل بعد نمازِ عصر اسی مسجد میں محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے قرآن کریم کا درس دیا۔ جس میں حلقہ جات ڈرگ روڈ۔ ڈرگ کالونی۔ اور ماڈل کالونی وغیرہا کے کم و بیش سات سو احباب و خواتین کے علاوہ محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ کراچی اور ان کی مجلس عاملہ کے متعدد اراکین نے بھی شرکت فرمائی۔ درس کا یہ پروگرام مغرب کی اذان تک جاری رہا جس کے بعد جملہ حاضرین کی خدمت میں افطاری پیش کی گئی۔ درس القرآن کے دوران محترم مولانا صاحب موصوف نے خلافتِ ثالثہ اور خلافتِ رابعہ کے لئے نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے عظیم الشان تازہ نشانات کا تفصیل سے ذکر فرمایا اور سب احبابِ جماعت کو خلافت احمدیہ کی کامل فرمانبرداری اختیار کرنے کی تلقین فرمائی۔

نماز مغرب کے بعد معزز مہمان خصوصی اور دیگر کثیر مہمانانِ کرام کی خدمت میں دعوتِ چائے پیش کی گئی۔ درس القرآن کے آخر میں محترم مولانا صاحب موصوف نے پُرسوز اجتماعی دعا کروائی۔

(راجہ ناصر احمد۔ پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ حلقہ ڈرگ روڈ۔ کراچی)

دو سالہ و ششماہی کورسز کیلئے

داخلہ شروع ہے

○ الیکٹریشن ○ ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ

کلاسز ۱۲ر جولائی سے شروع ہوں گی

تفصیلات کیلئے پراسپکٹس مفت حاصل کریں۔

الشفیق ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر ربوہ

فون ۵۹۲

گورنمنٹ ریکوگنائزڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کی یاد میں

"الفضل" کا خاص نمبر

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات کے بارے میں ادارہ "الفضل" ایک خصوصی نمبر ہدیہ قارئین کر رہا ہے۔ جو ہمارے محبوب آقا رحمہ اللہ علیہ کی زندگی اور سیرت پاک کے بارے میں اہم مضامین پر مشتمل ہوگا۔ مضمون نگار حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اپنے مضامین جلد سے جلد دفتر کو بھجوائیں۔ نیز مشتہرین کرام اپنی جگہ جلد ریزرو کروالیں ایجنٹ صاحبان بھی اضافی آرڈر سے مطلع کر دیں۔ تاریخ اشاعت کا اعلان جلد کیا جائے گا۔

(ادارہ)

خدام وقفِ عارضی کی طرف توجہ فرمائیں!

مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے دو مہتممین مکرم پروفیسر سعید احمد صاحب چٹھہ مہتمم اصلاح وارشاد اور مکرم پروفیسر چوہدری سلطان احمد صاحب مہتمم وقارِ عمل آجکل کوئٹہ میں وقف عارضی کا عرصہ گذار رہے ہیں۔ مکرم چوہدری سلطان احمد صاحب نے محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے نام اپنے مراسلہ میں لکھا ہے:-

"یہاں دوسروں کی دینی تعلیم کا موقعہ مل رہا ہے۔ سب سے بڑھ کر اپنی اخلاقی اور روحانی اصلاح کا موقعہ میسر آیا ہے۔ وقفِ عارضی کی برکات دیکھ کر بار بار دل سے دعا نکلتی ہے کہ رحیم و کریم خدا ہمارے محبوب آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تم پر اپنی رحمتوں کی بارش برسائے۔ اور ان کے درجات بلند فرمائے۔ جنہوں نے اس بابرکت تحریک کو جاری فرما کر ہماری اصلاح کا موقعہ پیدا فرمایا۔

مجلس خدام الاحمدیہ اور اطفال الاحمدیہ کی تربیت کا بھی موقعہ مل رہا ہے۔ عہدیداران سے رابطہ قائم ہے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان مبارک ایام سے حقیقی رنگ میں مستفیض ہونے کی توفیق بخشے"

جملہ قائدین اور خدام کا فرض ہے کہ وہ وقف عارضی کی بابرکت تحریک میں اپنا نام لکھوائیں۔ اس کی برکات سے آپ تب ہی حصہ پا سکتے ہیں جب اس میں شامل ہوں گے ؎

جو پھر نکلو تو جو چاہو سو کہنا
ذرا دیکھو تو اس محفل میں آکے

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

درخواست دعا

- میری والدہ محترمہ دل کے عارضہ سے بیمار ہیں۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں کامل و عاجل صحت عطا فرمائے۔ آمین۔

(نسیم احمد ولد چوہدری محمد بوٹا مرحوم رحمت بازار ربوہ)

برائے فروخت

دروازے۔ کھڑکیاں۔ الماریاں۔ جالی کے دروازے۔ روشن دان۔ مضبوط، بہت اچھی دیار کی لکڑی کے بنے ہوئے۔ بہت اچھی حالت میں قابل فروخت ہیں۔ ضرورت مند کوٹھی البشریٰ سے دارالصدر ربوہ مختار احمد سے رابطہ قائم کریں۔

بواسیر وغیرہ کی ادویات

PILES CURE — بواسیر خونی و بادی
Hemorrhoids Cure — مقدی، سخت مسے
Hemorrhage Cure — بہت زیادہ خون نکلے
Fissure Cure — چیر اور کٹاؤ
PROLAPSUS CURE — کانچ نکلنا
ANUS ITCH CURE — مقامی خارش
FISTULA CURE — ناسور، بھگندر
CONSTIPATION CURE — دائمی قبض
FLATULENCE CURE — گیس، ہوا، ریح

ایک سے زیادہ کیورز اکٹھی بھی استعمال ہو سکتی ہیں۔ کیپسولوں سے ۱۵ر فی کیور۔ پائلز اسٹنٹ ۱۵ر، ڈاک سے ۱۵ر زائد۔ لٹریچر فری۔

اوقات کار (برائے رمضان المبارک)
صبح 6 تا 2 بجے۔ بروز جمعہ 6½ تا 11 بجے

کیورٹیو میڈیسن کمپنی (رجسٹرڈ) گول بازار ربوہ فون 606 607